
عیسائیت...؟

تالیف
علامہ شیخ رحمت اللہ خلیل الرحمن کیرانوی ہندی رحمہ اللہ

اختصار و تدقیق
ڈاکٹر محمد احمد عبد القادر ملکاوی

اردو ترجمہ
مولانا صفی الرحمن مبارکپوری

إِنَّ الدِّينَ عِنْدَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ



Dar-ul-Andlus

نام کتاب

عیسائیت...؟

تالیف

علامہ شیخ رحمت اللہ بن خلیل الرحمن کیرانوی ہندی

اختصار و تدقیق

ڈاکٹر محمد احمد عبدالقادر ملکاوی

اردو ترجمہ

شیخ صفی الرحمن مبارکپوری

ناشر .... www.only1or3.com .... دارالاندلس

قیمت .... www.onlyoneorthree.com ....

پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

دارالاندلس ® اسلام کی نشرواشاعت کا عالمی مرکز

ہیملیٹ روڈ، چوبرجی، لاہور، پاکستان

Ph: 92-42-7230549 Fax: 92-42-7242639 www.dar-ul-andlus.com

عرضِ ناشر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَشْرَفِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ. اَمَّا بَعْدُ!

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ قُلْ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۭ بَیْنَنَا وَ بَیْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَ لَا نُشْرِكَ بِهٖ شَیْــٴًـا وَّ لَا یَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴾

[آل عمران: ٦٤]

''کہہ دے: ''اے اہل کتاب! آؤ ایک ایسی بات کی طرف جو ہمارے درمیان اور تمھارے درمیان برابر ہے کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں اور ہم میں سے کوئی کسی کو اللہ کے سوا رب نہ بنائے پھر اگر وہ پھر جائیں تو کہہ دو: گواہ رہو کہ بے شک ہم فرماں بردار ہیں۔''

زیر نظر کتاب ''عیسائیت......؟'' علامہ شیخ رحمت اللہ بن خلیل الرحمن کیرانوی عثمانی ﷫ کی مایہ ناز کتاب ''اظہار الحق'' کا جامع اختصار ہے۔ جسے ''مختصر اظہار الحق'' کے نام سے جامعہ ملک سعود، ریاض، سعودی عرب کے استاذ ڈاکٹر محمد احمد عبد القادر ملکاوی نے مرتب کیا ہے۔ اردو میں رواں ترجمہ عالم اسلام کی ممتاز علمی شخصیت اور شہرۂ آفاق کتاب ''الرحیق المختوم'' کے مؤلف شیخ صفی الرحمن مبارکپوری ﷫ نے کیا ہے۔

اس وقت عیسائی مشنریاں دنیا بھر میں بالعموم اور پاکستان میں بالخصوص دین اسلام کے